# ناحُوم

**۱** یہ نینوہ کے بارے میں ایک بارِ نبوّت ہے۔ یہ کتاب ناحوم کے رویا کی کتاب ہے۔ ناحوم القوشی سے تھا۔

## خداوند نینوہ سے ناراض ہے

۲ خداوند بہت غیرت منداور انتقام لینے والا خدا ہے۔ خداوندوہ ہے جو طیش میں بدلہ لیتا ہے۔ وہ اپنے مخالفوں سے بدلہ لیتا ہےاوراُسکا غیظ وغضب اُسکے دشمنوں کے خلاف ہے۔

۳ خداوند صابر ہے، لیکن وہ بہت قدرت والاہے۔ اور خداوند قصورواروں کو سزا دیتا ہے۔ وہ انہیں ایسے ہی چھوٹ کر نہیں چلے جانے دے گا۔ دیکھو خداوند مجرموں کو سزادینے آرہا ہے۔ وہ اپنی قدرت دکھانے کے لئے گردغُبار اور آندھی کو کام میں لائے گا۔ انسان توزمین پر مٹّی میں چلتا ہے لیکن خداوند بادلوں پر چلتا ہے۔

۴ اگر خداوند سمندر کو ڈانٹے تو سمندر بھی سوکھ جائے ۔ ساری ہی ندیوں کو وہ سکھا دیتا ہے۔ بسن اور کرمل کُمھلا جاتےہیں، اور لبنان کی کونپلیں مرجھا جاتی ہیں۔

۵ خداوند کی آمد ہو گی اور پہاڑ خوف سے کانپیں گےاور یہ پہاڑیاں پگھل کر بہہ جائیں گی۔ خداوند کی آمد ہو گی اور یہ زمین خوف سے کانپ اٹھے گی۔ یہ دنیا اور جو کچھ زندہ ہے خوف سے کانپے گی۔

۶ خداوند کے عظیم قہر کا سامنا کوئی نہیں کر سکتا ۔ کوئی بھی اس کا بھیانک غصّہ سہہ نہیں سکتا۔ اس کا قہر آگ کی مانند نازل ہوتا ہے ۔ وہ چٹانوں کو توڑڈالتا ہے۔

۷ خداوند اچھاہے اور مصیبت کے دن پناہ گاہ ہے۔ وہ اسے جانتا ہے جو اس میں پناہ لیتا ہے۔

۸ لیکن وہ اپنے دشمنوں کو پوری طرح نیست ونابود کر دے گا۔ وہ انہیں سیلاب کی طرح بہا کر لے جائے گا۔ تاریکی کے درمیان وہ اپنے دشمنوں کا پیچھا کرے گا۔

۹ کیا تم خداوند کے مخالفت میں منصوبے بنا رہے ہو؟ وہ تیرا خاتمہ کر دے گا۔ پھر اور کوئی دوبارہ کبھی خداوند کی مخالفت نہیں کرے گا۔

۱۰ تمہارے دشمن الجھے ہوئے کانٹوں سے نیست ونابود ہونگے۔ وہ سوکھی گھاس کی مانند جلد جل جائیں گے۔

۱۱ اے نینوہ! ایک شخص تجھ سے ہی آگے آیااور خداوند کے خلاف بُرامنصوبہ بنایااور بُرامشورہ پیش کیا۔

۱۲ خداوند نے بولا: "اگرچہ اسیریہ کے لوگ کافی طاقتورہیں اوراُنکے پاس کافی سپاہی ہیں، وہ کاٹ دیئے جائینگےاور سب کا خاتمہ کیا جائے گا۔ اے میرے لوگو! میں نے تم کو بہت دکھ دیا لیکن اب آگے تمہیں مزید دکھ نہیں دوں گا۔"

۱۳ میں اب تمہیں اسُور کی قوّت سے نجات دوں گا۔ تمہارے کندھے سے میں وہ جُوا اتار دوں گا۔ تمہاری زنجیر جن میں تم بندھے ہو میں اب توڑدوں گا۔

۱۴ اے اسور کے بادشاہ، تیرے بارے میں خدا وند نے یہ کہتے ہوئے حکم دیا ہے:

"تیرانام لیوا کوئی بھی نسل نہیں رہے گی۔ میں پتّھر یا لکڑیوں کے تراشے ہوئے بت اور ڈھالی ہوئی دھات کے مورتوں جو کہ تمہارے جھوٹے خداؤں کی ہیکل میں ہے کو نیست ونابود کروں گا میں تیرے لئے قبر بنارہا ہوں کیونکہ تیرا خاتمہ بہت نزدیک ہے۔

۱۵ دیکھ یہوداہ ! دیکھ وہاں پہاڑ کے اوپر سے کوئی آرہا ہے۔ کوئی ہر کارہ خوشخبری لے کر آرہا ہے۔ دیکھو وہ کہہ رہا ہے کہ یہاں پر سلامتی ہے۔ اے یہوداہ! اپنی عیدیں منا۔ اے یہوداہ اپنی نذریں ادا کر۔ اب پھر کبھی خبیث تم پر حملہ نہ کریں گے اور وہ پھر تجھ کو ہرا نہیں پائیں گے۔ ان سبھی کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔

## نینوہ کو تباہ کیا جائے گا

**۲** اے نینوہ، جو تباہ کرنا چاہتا ہے تجھ پر حملہ کرنے کے لئے آرہا ہے۔ اس لئے تو اپنے قلعہ کو محفوظ رکھ۔ راہ کی نگہبانی کر۔ کمر بستہ ہواور خوب مضبوط رہ۔

۲ کیونکہ خداوند یعقوب کی شان وشوکت کو اسرائیل کی شان وشوکت کی مانندپھربحال کرے گا۔ اسرائیل کے لوگ دشمنوں سے کچل دیئے گئے تھےاوران کی انگور کی بیلیں روند ڈالی ہیں۔

۳ اس کے سپاہیوں کی سپریں سرخ ہیں۔ جنگی مرد قرمزی وردی پہنے ہیں۔ اس کی تیاری کے وقت رتھ فولا دسے جھلکتے ہیں اور دیودار کے نیزے بشدّت ہلتے ہیں۔

۴ ان کی رتھ گلیوں میں بھیانک طریقے سے بھاگتے ہیں۔ وہ کُھلے
میدانوں میں سلگتی مشعلوں کی مانند چمکتے ہیں اور تیزی سے دوڑتے اور بے
تحاشا بھاگتے ہیں۔ وہ ایسے لگتے ہیں جیسے یہاں وہاں بجلی کڑک رہی ہو۔
۵ دشمن اپنے سرداروں کو بُلا رہا ہے۔ جیسے ہی وہ آگے بڑھتے ہیں وہ
ٹھوکر کھاتے ہیں۔ وہ لوگ تیزی سے دیوار کی طرف دوڑے جو قلعہ شکن
گاڑی کے اوپر ڈھال کھڑا کیا۔
۶ لیکن ندیوں کے پھاٹک کھلے رکھے گئے۔ دشمن ان میں سے جارہا ہے
اور بادشاہ کے محل کو تباہ کر رہا ہے۔
۷ ملکہ کو قیدی بنا کر لے جایا گیا۔ اس کی لونڈیاں فاختوں کی مانند
کراہتی ہیں اور غم میں اپنی چھاتی پیٹتی ہیں۔
۸ نینوہ تالاب کی مانند ہے جس کا پانی بہکر باہر نکل رہا ہو۔ لوگ
چلّا رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں،
"رکو! رکو! کہیں بھاگ مت جاؤ!" لیکن واپس آنے کے لئے کوئی بھی
نہیں رُکے گا۔
۹ اے سپاہیو! نینوہ کو لُوٹ لو ہو اور انکے سونے چاندی جمع کرو! یہاں
پر لینے کو بہت سی چیزیں ہیں۔ یہاں پر بہت سے خزانے بھی آیا۔
۱۰ اب نینوہ خالی سنسان اور ویران ہے۔ اسکی دولت اُس سے چھین
لی گئی ہے لوگوں نے اپنا حوصلہ کھودیا ہے۔ وہ لوگ خوفزدہ ہوگئے ہیں۔
انکے دل خوف سے پگھل رہے ہیں اور گھٹنے آپس میں ٹکراتے ہیں۔ انکے
جسم کانپ رہے ہیں اور ان سب کے چہرے زرد ہوگئے ہیں۔
۱۱ نینوہ کبھی شیروں کی ماند کے مانند تھا۔ اب وہ ویسا نہیں ہے؟
جہاں شیریں رہا کرتے تھے اور ان کے بچّے بے خوف گھومتے پھرتے
تھے۔

۱۲ شیر ببر (نینوہ کا بادشاہ) اپنے بچّوں کی خوراک کے لئے پھاڑتا تھا
اور اپنی شیرنیوں کے لئے گلا گھونٹتا تھا اور اپنی ماندوں کو شکار سے اور
غاروں کو پھاڑے ہوؤں سے بھرتا تھا۔
۱۳ خُداوند قادرِ مطلق کہتا ہے، "نینوہ میں تیرے خلاف ہوں۔ میں
تیری رتھوں کو جلادوں گا۔ جوان شیروں کو جنگ میں ہلاک کرونگا میں
تیرے شکار کو کاٹ ڈالونگا۔ تم پھر کبھی دوبارہ اس زمین پر اپنا شکار نہیں
مارپاؤ گے لوگ پھر کبھی تیرے قاصدوں کو نہیں سنیں گے۔

## نینوہ کے لئے بُری خبر

۳ اس خونریز شہر پر افسوس! نینوہ ایسا شہر ہے جو جھوٹوں سے بھرا
ہے۔ یہ دوسرے ملکوں کے لوٹ کے مال سے بھرا ہے۔ یہ ان
بہت سارے لوگوں سے بھرا ہے جس کا اس نے پیچھا کیا اور جنہیں اس
نے مارڈالا ہے۔
۲ سُنو چابک کی آواز اور پہیوں کی کھڑکھڑاہٹ اور گھوڑوں کی ٹاپیں اور
ساتھ ساتھ اچھلتے رتھوں کے ہچکولے۔
۳ دیکھو! سوار حملہ کر رہے ہیں اور ان کی تلواریں چمک رہی ہیں،
بھالوں کی چمک اور لاشوں کی ڈھیر صاف نظر آرہی ہے۔ انگنت لوگ مارے
گئے ہیں۔ لاشوں کی انتہا نہیں ہے۔ لوگ لاشوں کے اوپر ٹھوکر کھا رہے
ہیں۔
۴ یہ سب کچھ اس طوائف نینوہ اور اس کے لاتعداد بدکاریوں کے
سبب ہے۔ وہ کشش اور اسکا طوائف پن جو اسے بہت سے قوموں کا،
اور اس کی جادو گری جو اسے قبیلوں کا غلام بناتی ہے۔
۵ خداوند قادرِ مطلق کہتا ہے، "اے نینوہ، میں تیرے خلاف ہوں اور
تیرے لہنگا کو تیرے سر کے اوپر کھینچ لونگا۔ اور قوموں کو تیری برہنگی
اور مملکتوں کو تیرا رسوائی دکھلاؤنگا۔
۶ میں تیرے اوپر نجاست پھینک دوں گا۔ میں تجھ سے حقارت کے
ساتھ برتاؤ کروں گا۔ لوگ تجھ کو دیکھیں گے۔ تجھ کو دیکھیں گے اور تجھ پر
ہنسیں گے۔
۷ جو کوئی بھی تجھ کو دیکھے گا تجھ سے دُور بھاگے گا۔ وہ کہے گا،
'نینوہ تباہ ہوگیا۔ اس کے لئے کون روئے گا؟' اے نینوہ، کوئی تجھے
سکھ چین نہیں دیگا۔"

۸ کیا تو تبس سے بہتر ہے جو نیل ندی کے کنارے بستا تھا اور پانی
اس کی چاروں طرف تھا جس کی شہر پناہ دریائے نیل تھا اور جس کی دیوارِ
شہر پانی تھا؟ ۹ کوش اور مصر نے تبس کو بہت قوّت بخشی تھی۔ فوط اور
لوبیم اس کے حمایتی تھے۔ ۱۰ لیکن تبس ہار گیا۔ اس کے لوگوں کو اسیر
کرکے جلاوطن کر دیا گیا۔ کوچوں پر سپاہیوں نے اس کے چھوٹے بچّوں کو
پیٹ پیٹ کر مار ڈالا۔ انہوں نے قرعہ ڈالا تا کہ شرفاء کو غلام بنا کر اپنے
پاس رکھے۔ تبس کے سبھی شرفاء پر اُنہوں نے زنجیریں ڈال دی تھیں۔
۱۱ اس لئے اے نینوہ، تو نشے میں ہو کر اپنے آپ کو چھپاؤ گے۔ اور
دشمن سے پناہ ڈھونڈو گے۔ ۱۲ تیرے سب قلعے انجیر کے درخت کی
مانند ہونگے جس پر پکے ہوئے پھل لگے ہوں جس کو اگر کوئی ہلاتا ہے تو پھل
اس کے منہ میں گر جائیگا۔
۱۳ اے نینوہ، تیرے لوگ تو عورتوں جیسے ہیں اور دشمن اسے
پکڑنے کے لئے تیار بیٹھے ہیں۔ تیرے مملکت کے پھاٹک کھلے پڑے ہیں
تا کہ تیرا دشمن آسانی سے اندر آجائے۔ تیرے پھاٹکوں کے سلاخیں جل کر

راکھ ہوگئے تھے۔ **۱۴** پانی اکٹھا کر اور اسے اپنے شہر کے اندر رکھوں ۔
کیونکہ دشمن کے سپاہی تیرے شہر کو گھیر لیں گے۔ وہ لوگ کسی کو بھی شہر
کے اندر کھانا یا پانی لانے نہیں دینگے ۔ اپنی قلعوں کو مضبوط بنا ۔اور زیادہ
اینٹیں بنانے کے لئے زیادہ مٹّی جمع کر ۔ اور اینٹ کا سانچہ ہاتھ میں
لے۔ **۱۵** وہاں آگ تجھے کھا جائے گی۔ تلوار کاٹ ڈالے گی۔ وہ ٹڈی کی
طرح تجھے چٹ کر جائے گی۔

اگرچہ تو اپنے آپ کو چٹ کر جانے والی ٹڈّیوں کی مانند فراوانی کرے
اور ٹڈیوں کی فوج کے مانند بے شمار ہو جائے۔ **۱۶** تیرے یہاں کئی سودا
گر ہوگئے جو مختلف جگہوں پر جا کر چیزیں خریدا کرتے تھے۔ وہ اتنے ان
گنت ہوگئے جتنے آسمان کے تارے ہیں ۔ وہ اس ٹڈی دل کے جیسے
ہوگئے جو کھاتا ہے، اور سب کچھ کو اس وقت تک کھاتا رہتا ہے جب تک
وہ ختم نہیں ہوجاتی اور پھر چھوڑ کر چلاجاتا ہے ۔ **۱۷** تیرے شریف اور
امراء ٹڈیوں کے دل کی طرح ہیں۔ جو سردی کےدن دیوار پر رہتی ہے اور
جب آفتاب نکلتا ہے تو اڑ جاتی ہے اور کوئی نہیں جانتا ہے کہ وہ سب کہاں
جاتاہے۔ **۱۸** اے اسور کے بادشاہ تیرے چرواہے (سردار) سوگئے۔
زورآور لوگ بھی محوِ خواب ہیں۔ اور تیرے بھیڑ بلامقصد پہاڑوں پر بھٹک
رہی ہے۔ انہیں واپس لانے والا کوئی نہیں ہے۔ **۱۹** تو بُری طرح گھائل
ہوا ہے اور ایسا کچھ نہیں ہے جو تیرے زخم کو بھر سکے۔ ہر کوئی جو تیری
تباہی کا ذکر سنتاہے۔ تالیاں بجاتا ہے، وہ سب بہت خوش ہیں۔ جیسا کہ
سبھی تیرے ظالمانہ عمل میں مبتلا ہیں۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**
- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html